پی او ایف سنٹرل لائبریری

ہدایات برائے حصول رکنیت

(حاضر سروس ملازمین - پی او یف، الائیڈ ڈیپارٹمنٹس، ایف جی ای آئی)

طریقہ کار

پی او ایف سنٹرل لائبریری کی رکنیت کے لیے درج ذیل اصل دستاویزات (original documents) کے ساتھ سنٹرل لائبریری میں ذاتی طور پر تشریف لائیں۔

(i) سروس کارڈ (ii) شناختی کارڈ (iii) 2 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (iv) ممبر شپ فیس

فیملی کو لائبریری کارڈز کے استعمال کا اختیار دلوانے کے لیے درج بالا دستاویزات کے علاوہ درج ذیل دستاویزات بھی ہمراہ لائیں۔

(i) متعلقہ فیملی ارکان کی 2 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (ii) "متعلقہ فیملی ارکان کے اصل شناختی کارڈ یا اصل فارم "ب

رکنیت کی فیس

رکنیت کے لیے درجِ ذیل سالانہ ممبر شپ فیس جمع کروانی ہو گی۔

سکیل 1 تا 12	75 روپے
سکیل 14 تا 16	150 روپے
سکیل 17 تا 18	200 روپے
سکیل 19 تا 21	400 روپے
سکیل 22	500 روپے

قواعد و ضوابط

1. رکنیت کے حصول کے لیے درخواست گذار کا مطلوبہ اصل دستاویزات کے ساتھ ذاتی حیثیت میں آنا ضروری ہے۔ کسی دوسرے شخص کو رکنیت کارڈ نہیں دیے جائیں گے۔ رکنیت کی سالانہ تجدید کیلئے بھی ممبر خود تشریف لائیں۔

2. رکنیت ہونے کے بعد 2 ریڈرز کارڈ جاری کیے جائیں گے، جن پر ایک وقت میں دو کتب کا اجراء 14 دن کے لیے کیا جاتا ہے۔

3. لائبریری قوانین کے مطابق کتاب تاخیر سے جمع کروانے کی صورت میں فی دن کے حساب سے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ کتاب گم کرنے یا کتاب پر کسی قسم کی لکھائی یا کتاب کو نقصان پہنچانے کی صورت میں نئی کتاب خرید کر جمع کروانی ہو گی یا لائبریری قواعد کے مطابق کتاب کی موجودہ قیمت اور جرمانہ جمع کروانا ہو گا۔

4. رکن پر لازم ہے کہ اپنے پتے یا فون کی تبدیلی کی صورت میں لائبریری اندرج میں ترمیم کروائیں۔

5. لائبریری قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں لائبریرین کو رکنیت منسوخ کرنے کا کلی اختیار ہو گا۔